سنتوں کی تیسری یا چوتھی رکعت میں فاتحہ کے بعد سورت ملانا بھول جانا

مجیب: مولانا جمیل احمد غوری عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1010

تاریخ اجراء: 28 محرم الحرام 1445ھ /16 اگست 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

چار سنتوں والی نماز میں تیسری یا چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد کوئی سورت پڑھنا بھول جائیں اور رکوع میں چلے جائیں، تو کیا حکم ہے؟ واپس پلٹ کر سورت پڑھیں یا آخر میں سجدہ سہو کر لینا کافی ہو گا؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

فرضوں کی تیسری اور چوتھی رکعت کے سوا باقی تمام نمازوں کی ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورت ملانا یا قرآنِ پاک کی ایک بڑی آیت جو تین چھوٹی آیتوں کے برابر ہو یا تین چھوٹی آیتیں پڑھنا واجب ہے۔ لہٰذا اگر سورت ملانا یا ایک بڑی آیت جو تین چھوٹی آیتوں کے برابر ہو یا تین چھوٹی آیتیں ملانا بھول گیا اور اسی رکعت کے رکوع میں یا رکوع کے بعد سجدے میں پہنچنے سے پہلے یاد آگیا، تو واجب ہے کہ قیام کی طرف لوٹے اور سورت ملا کر دوبارہ رکوع کرے، پھر نماز کے آخر میں سجدۂ سہو کرے، اس صورت میں اگر دوبارہ رکوع نہ کیا، تو نماز نہیں ہو گی اور اگر سجدے سے پہلے یاد آنے کے باوجود سورت کے لیے نہ لوٹا، تو نماز دوبارہ پڑھنی ہو گی، اب سجدۂ سہو کافی نہیں ہو گا۔ ہاں اگر سجدے میں پہنچ جانے کے بعد یاد آیا کہ سورت نہیں ملائی، تو اب نہیں لوٹ سکتا بلکہ نماز کے آخر میں سجدۂ سہو کرنا ہو گا۔

بہارِ شریعت میں ہے: ”سورت ملانا بھول گیا، رکوع میں یاد آیا تو کھڑا ہو جائے اور سورت ملائے پھر رکوع کرے اور اخیر میں سجدۂ سہو کرے اگر دوبارہ رکوع نہ کرے گا، تو نماز نہ ہو گی۔“ (بہارِ شریعت، جلد1، صفحہ 545، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

سیدی اعلیٰ حضرت امام اہلسنت شاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ فتاویٰ رضویہ میں ارشاد فرماتے ہیں: ”اگر سجدہ کو جانے سے پہلے رکوع میں خواہ قومہ بعد الرکوع میں یاد آجائیں تو واجب ہے کہ قراءت پوری کرے اور رکوع کا پھر

اعادہ کرے، اگر قراءت پوری نہ کی تواب پھر قصداً ترک واجب ہو گا اور نماز کا اعادہ کرنا پڑے گا اور اگر قراءت بعد الرکوع پوری کرلی اور رکوع دوبارہ نہ کیا تو نماز ہی جاتی رہی کہ فرض ترک ہوا۔"(فتاویٰ رضویہ، جلد6، صفحہ330، رضافاؤنڈیشن لاھور)

ایک اور مقام پر ارشاد فرماتے ہیں:"جو سورت ملانا بھول گیا اگر اسے رکوع میں یاد آیا تو فوراً کھڑے ہو کر سورت پڑھے پھر رکوع دوبارہ کرے پھر نماز تمام کر کے سجدہ سہو کرے اور اگر رکوع کے بعد سجدہ میں یاد آیا تو صرف اخیر میں سجدہ سہو کرلے نماز ہو جائے گی اور پھیرنی نہ ہو گی"(فتاوی رضویه، جلد8، صفحه196، رضافاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net